الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name	:> **mirza daud baig**	Serial No	:> **8041**
Address	:> **karachi**	Fatwa No	:>
Subject	:> **KHULA**	Date	:> **3/27/2010**
Writer	:> شیرزادہ	Email	:>

my friend wife got khula through court and now they wanted to remarriage again. does halala condition apply and they donot have any children.

میرے دوست کی بیوی نے کورٹ کے ذریعہ خلع لیا، اب وہ دونوں دوبارہ نکاح کرنا چاہتے ہیں، تو کیا اس صورت میں حلالہ کرنا لازم ہوگا؟ اور ان کی کوئی اولاد بھی نہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

کورٹ سے یا باہمی طور پر عقدِ خلع کرنے سے صرف ایک طلاقِ بائن واقع ہوتی ہے جس کے بعد زوجین کے دوبارہ ازدواجی حیثیت اختیار کرنے کے لئے حلالہ شرعیہ کی ضرورت نہیں پڑتی بلکہ حقِ مہر کے تقرر کے ساتھ نکاحِ جدید کے بعد دوبارہ باہم رہ سکتے ہیں، مگر کورٹ کے ذریعہ حاصل کی جانے والی ڈگری عموماً یکطرفہ ہونے اور اصولِ شرعیہ کے موافق نہ ہونے کی وجہ سے شرعاً غیر معتبر ہوتی ہے، اس لئے اگر سائل ڈگری سے متعلق کورٹ کے تمام کاغذات کی کاپی اور ان کا اردو ترجمہ لاکر دکھادے تو اس کے متعلق بھی حتمی حکم بیان کیا جاسکتا ہے۔

فی الھندیۃ: وحکمہ: وقوع الطلاق البائن (ص۴۸۸ ج ۱)

وفی المبسوط: والخلع جائز عند السلطان وغیرہ لانہ عقد یعتمد التراضی کسائر العقود الخ (ص۱۷۳ ج ۶)

واللہ اعلم بالصواب
شیرزادہ عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۱ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۱۶ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح
عبداللہ شوکت
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۱۶ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱ھ

رئیس
نائب رئیس

۱۰/۵/۶